© rasailojaraid.com

ضروری اطلاع

جن صاحبانے مسلمان کی خریداری منظور فرمائی ہے اُن کے سوا جن احباب کی خدمت میں یہ پہلا نمبر پہونچا ہو وہ مہربانی سے اپنی منظوری یا عدم منظوری سے بہت جلد مطلع فرماویں - تاکہ اسی کے مطابق کارروائی ہو

خاکسار مینجر

اسلامی خبریں

انجمن حمایت اسلام لاہور کے ممبروں کی باہمی مصالحت ہوگئی (فالحمدللہ)

حجاز ریلوے کے لئے ذیلین فرانک (۶۰ لاکھ روپیہ) کی رقم اور درکار ہے -

نظام حیدرآباد دام ملکہٗ کے تین لاکھ روپیہ والے عطیہ کے بارہ میں بمبئی اور دکن کے اخبارات نے لکھا یا کہ وہ حجاز ریلوے فنڈ میں بھیجدیا گیا ہے - معلوم نہیں یہ بات کہانتک صحیح ہے -

ایک سو روسی مسلمان خواتین نے مسلمان ممبران مجلس ڈوما کو شراب خواری کے مضار پر درد میمورئیل میں لکھکر بھیجا اور انہیں توجہ دلائی ہے کہ بہت جلد اسکا انسداد کریں +

بارہویں ربیع الاول کی شب کو مصر کے سیکنڈری اسکولوں کے طلباء نے نہایت شاندار جلسہ بیادگار ولادت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم منعقد کیا - اہل مناصب اور معززین شہر شریک جلسہ ہوئے - اور غازی احمد مختار پاشا ترکی پولیٹکل افسر مصر نے بھی اپنی شرکت سے طلباء کی عزت افزائی فرمائی -

مرحوم مصطفےٰ کامل پاشا کا مجسمہ قائم کرنے کیلئے جو چندہ مصر میں جمع ہو رہا ہے اُسکی نسبت یادگار کمیٹی نے طے کر دیا ہے کہ ماہ مئی کے بعد کوئی چندہ نہیں لیا جائیگا - یہ فیصلہ اس لئے کیا گیا ہے کہ چندوں کے آنے میں اب تک کوئی کمی نہیں ہوئی ہے اور روپیہ ہر گوشے سے کثرت کے ساتھ وصول ہو رہا ہے اور موجودہ رقم سے زیادہ چندہ جمع ہو چکا ہے - (دنیا کو مجسموں اور بتوں سے پاک کرنے کے لئے ہی بعثت انبیاء کا سلسلہ عالیہ قائم ہوا مگر افسوس کہ آج تک مسلمانوں کو بتوں سے کما ینبغی نفرت نہیں ہوئی - خدا کرے کہ یہ معقول رقم کسی قومی اور مفید کام پر لگائی جائے)

فہرست کتب فروختنی موجودہ مطبع اہلحدیث امرتسر

تفسیر ثنائی اردو پوری کیفیت اس تفسیر کی تو دیکھنے سے معلوم ہوتی ہے ہندوستان کے مختلف حصوں میں قبولیت کی نظر سے دیکھی گئی ہے نہایت دلپذیر طرز سے لکھی گئی ہے تفسیر کے دو کالم ہیں ایک میں الفاظ قرآنی مع ترجمہ بامحاورہ کے درج ہیں دوسرے کالم میں ترجمہ لفظوں کو تفسیر میں لیکر تشریح کیگئی ہے نیچے حواشی میں مخالفین کے اعتراضات کے جوابات بدلائل عقلیہ و نقلیہ دیئے گئے ہیں ایسے کہ باید و شاید تفسیر کے پہلے ایک مقدمہ ہے جسمیں کسی ایک زبردست دلائل عقلی و نقلی سے آنحضرت کی نبوت کا ثبوت دیا ہے ایسا کہ مخالف کو بھی اقرار الضاف بجز لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے کے چارہ نہ ہو - تفسیر سات جلدوں میں ہے جنمیں سے چار تیار ہیں اور پانچویں زیر طبع ہے

جلد اول سورہ فاتحہ و بقر قیمت عا ۸ر
جلد دوم سورہ آل عمران و نساء عا ۸ر
جلد سوم سورہ مائدہ - انعام - اعراف عا ۸ر
جلد چہارم سورہ انفال ۱۴ پارہ عا ۸ر

(جلدوں کے ایک ساتھ خریدار کو ۲۰ فیصدی کمیشن ملیگا)

تقابل ثلاثہ توریت - انجیل اور قرآن کا مقابلہ صفحہ کے تین کالموں میں تینوں کتابوں کی اصل عبارتیں منقول ہیں نیچے حواشی میں فرق بتلا کر قرآن شریف کی فضیلت ثابت کیگئی ہے - عیسائیوں کی بحث کا انقطاعی فیصلہ ہے قیمت مع محصول ڈاک عہ ر

حق پرکاش - آریوں کے گرو دیانند جی نے ستیارتھ پرکاش میں قرآن شریف پر شروع سے اخیر تک اعتراض کئے ہیں جن کا یہ مفصل اور مکمل جواب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے قیمت ۱۰ر

ترک اسلام - مہاشہ دھرمپال آریہ (سابق عبدالغفور) کے رسالہ ترک اسلام کا معقول اور مفصل جواب شروع میں نبوت محمدیہ کا ثبوت اور اخیر میں قرآن مجید کے الہامی ہونیکے دلائل قیمت ۶ر

مناظرہ نگینہ - مشہور و معروف مباحثہ جو ۱۴ جون ۱۹۰۴ء میں بمقام نگینہ آریوں سے ہوا تھا قیمت ۶ر

الہامی کتاب وید اور قرآن کے الہام پر مسلمان اور آریہ عالموں کی مفصل بحث - بحث کیا ہے تمام مباحث کا فیصلہ ہے قرآن مجید کے الہامی ہونیکا کامل ثبوت - قیمت ۱۰ر

تغلیب الاسلام - بجواب تہذیب الاسلام عبدالغفور نو آریہ دھرمپال جلد اول ۵ر جلد دوم ۶ر جلد سوم ۵ر جلد چہارم ۵ر چاروں جلدوں کی قیمت عہ ر علاوہ محصول ڈاک

© rasailojaraid.com